**پاکستان میں آنے والے قیامت خیز سیلاب کے متاثرین کی امداد کے سلسلے میں غیرسرکاری فلاحی تنظیموں کا کردار نہایت مثبت اور مثالی ہے۔ برطانیہ کے ڈپٹی پرائم منسٹر نک کلیگ**

**برطانیہ یورپی ممالک پر زور دے رہا ہے کہ پاکستان کی زیادہ سے زیادہ مدد کی جائے۔نک کلیگ**

**برطانیہ کے شہر شیفیلڈ میں پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے منعقد کی جانے والی تقریب سے خطاب**

**ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی برطانیہ کے ڈپٹی پرائم منسٹر نک کلیگ سے خصوصی ملاقات**

**برطانیہ کے ڈپٹی پرائم منسٹر کو لندن میں ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کے قتل کے واقعہ سے آگاہ کیا اور قاتلوں کی گرفتاری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لانے کی درخواست کی**

**برطانیہ کے ڈپٹی پرائم منسٹر نک کلیگ کا ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کے قتل پر اظہار افسوس**

**برطانوی پولیس ڈاکٹر عمران فاروق کے قاتلوں کی کی گرفتاری کیلئے ہر ممکن وسائل استعمال کررہی ہے۔نک کلیگ**

شیفیلڈ ۔۔۔5 اکتوبر 2010ء

برطانیہ کے ڈپٹی پرائم منسٹر اور حکمراں لبرل ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ نک کلیگ نے کہا ہے کہ پاکستان میں آنے والے قیامت خیز سیلاب کے متاثرین کی امداد کے سلسلے میں غیرسرکاری فلاحی تنظیموں کا کردار نہایت مثبت اور مثالی ہے ۔انہوں نے یہ بات برطانیہ کے شہر شیفیلڈ میں پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے منعقد کی جانے والی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔تقریب میں برطانیہ میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے SUN یعنی (Society for Unwell and Needy) اور دیگر فلاحی تنظیموں کے نمائندوں ، رضاکاروں، سیاسی کارکنوں اور پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ۔ برطانیہ کے ڈپٹی پرائم منسٹر نک کلیگ نے کہا کہ پاکستان میں آنیوالا سیلاب بلاشبہ تاریخ کا بدترین سانحہ ہے، برطانیہ پاکستان کیلئے پہلے ہی اپنی امداد دوگنی کر چکا ہے اور وہ یورپی ممالک پر بھی زور دے رہا ہے کہ اس سانحہ سے نمٹنے کیلئے پاکستان کی زیادہ سے زیادہ مدد کی جائے ۔نک کلیگ نے کہا کہ وہ پاکستان کو عالمی منڈیوں تک رسائی دلوانے کے سلسلے میں بھی کوششیں کریں گے ۔انہوں نے سیلاب زدگان کی امداد کے سلسلے میں SUN اور برطانیہ کے دیگر فلاحی تنظیموں کے کردار کو بھی بہت سراہا اور کہا کہ سیلاب کے متاثرین کیلئے فلاحی تنظیموں کا کردار نہایت مثبت اور مثالی ہے ۔اس موقع پر SUN کے ٹرسٹی اور ایم کیوایم یو کے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے اعداد وشمار اور ایک مختصر وڈیو فلم کے ذریعے پاکستان کے سیلاب زدگان کیلئے سن کی فلاحی سرگرمیو پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی ۔انہوں نے کہا کہ سن کی جانب سے کروڑوں روپے مالیت کا 150 ٹن امدادی سامان پاکستان روانہ کیا جاچکا ہے ۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے برطانیہ کے ڈپٹی پرائم منسٹر نک کلیگ سے خصوصی ملاقات کی ۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سلیم شہزاد نے برطانیہ کے ڈپٹی پرائم منسٹر نک کلیگ کو ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے نیک خواہشات کا پیغام دیا۔ دوران گفتگو ایم کیوایم کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے سلیم شہزاد نے کہا کہ ایم کیوایم غریب اور مڈل کلاس کی نمائندگی کرنے والی ایک لبرل اور جمہوریت پسند جماعت ہے جو پاکستان میں کرپشن اور انتہاپسندی سے پاک منصفانہ نظام کے قیام کیلئے جدوجہد کررہی ہے،ایم کیوایم رنگ ،نسل ،زبان، مذہب اور عقیدے کے امتیاز سے بالاتر ہوکر تمام شہریوں کیلئے مساوی حقوق پر یقین رکھتی ہے۔سلیم شہزاد نے برطانیہ کے ڈپٹی پرائم منسٹر کو لندن میں ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کے قتل کے واقعہ سے بھی آگاہ کیا اور قاتلوں کی گرفتاری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لانے کی درخواست کی ۔ برطانیہ کے ڈپٹی پرائم منسٹر نک کلیگ نے ڈاکٹر عمران فاروق کے قتل پر افسوس کا اظہار کیا اور یقین دلایا کہ برطانوی پولیس ڈاکٹر عمران فاروق کے قاتلوں کی کی گرفتاری کیلئے ہر ممکن وسائل استعمال کررہی ہے۔ انہوں نے پاکستان کی سیاست میں ایم کیوایم کے کردار کو سراہا۔اس موقع پر باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی گفتگو کی گئی ۔اس موقع پر ایم کیوایم یو کے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش،ایم کیوایم یو کے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان منشاء خان، خالد احسان، سائٹ کراچی کے سابق حق پرست ٹاؤن ناظم اظہار احمد خان، سن چیریٹی کے ارکان محمد شفیق، آصف سعید، ناصر خان، شیفیلڈ سے ذوالفقار احمد، چوہدری ظفر اور مقامی کونسلر محمد شفق بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن عدنان شیخ کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔05اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سرجانی سیکٹر یونٹ 7/D کے کارکن عدنان شیخ ولد سلیم شیخ (مرحوم) کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اورافسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عدنان شیخ شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## سرجانی ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن عدنان شیخ کو شہید کردیا

## دہشت گردوں کی اندھادھند فائرنگ کی زد میں آکر علاقے کے ایک بزرگ بھی شدید زخمی ہوگئے

## عدنان شیخ شہید کو نیو کراچی نمبر 6 کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،رابطہ کمیٹی،حق پرست صوبائی وزیر،ارکان اسمبلی اور کارکنان کی شرکت

## شہید کا سوئم جمعرات کو سرجانی ٹاؤن سیکٹر D-7 میں واقع جامع مسجد المصطفیٰ میں ہوگا

کراچی۔۔۔05اکتوبر2010ء

مسلح دہشت گردوں نے گزشتہ شب سرجانی میں فائرنگ کرکے متحدہ قومی موومنٹ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7/D کے کارکن عدنان شیخ کو شہید کردیا اورفرار ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق دہشت گردوں کی فائرنگ سے عدنان شیخ شہید کے سینے میں تین گولیاں لگیں،شہید کو فوری طور پر مقامی اسپتال لیجایا گیا تاہم وہ زخموں کی تاب لاتے ہوئے انتقال کرگئے۔دہشت گردوں کی اندھادھند فائرنگ کی زد میں آکر علاقے کے ایک بزرگ شدید زخمی ہوگئے۔عدنان شیخ شہید غیر شادی شدہ تھے اوران کے سوگواران میں والدہ،2 بہنیں اور 4 بھائی شامل ہیں۔واقعے کی اطلاع ملتے ہے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان جائے وقوعہ اورعباسی شہید اسپتال پہنچ گئے اس موقع پر اسپتال کا ماحول سوگوار اور کارکنان شدت غم سے نڈھال تھے۔دریں اثناء عدنان شیخ شہید کو نیو کراچی نمبر 6 کے قبرستان میں آہوں اورسسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ جامع مسجد المصطفیٰ سیکٹر D-7 سرجانی ٹاؤن میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الوریٰ،حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی عادل خان،معین خان،امام الدین شہزاد،ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی،سرجانی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورشہید کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔علاوہ ازیں شہید کا سوئم 7اکتوبر بروز جمعرات کو سرجانی ٹاؤن سیکٹر D-7 میں واقع جامع مسجد المصطفیٰ میں بعد نماز ظہر ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن عدنان شیخ شہید کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔5،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سرجانی ٹاؤن میں مذہبی جماعت کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم جانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7/D کے کارکن عدنان شیخ کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اورقتل کی اس واردات کوشہر کا امن خراب کرنے اورایم کیوایم کے کارکنان کومشتعل کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض سازشی عناصر نہیں چاہتے کہ شہر میں امن وامان قائم رہے اورشہر میں جاری بے گناہ عوام کی ٹارگٹ کلنگ اورایم کیوایم کے کارکنان کی شہادتیں سوچے سمجھے منصوبہ کا حصہ ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک جانب ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان اورعوام کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر قتل کیا جارہا ہے جبکہ دوسری جانب سے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ اوردہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث دہشت گرد قانون کی گرفت سے ابھی تک آزاد ہیں جوارباب اقتدار اوراختیار کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن،گورنرسندھ ڈاکٹر عشرت العباد اوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7/D کے کارکن عدنان شیخ کے قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث ایک مذہبی جماعت کے دہشت گردوں کو گرفتار کرکے فی الفور کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔رابطہ کمیٹی نے عدنان شیخ شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## حیسکو بلا جواز غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا عمل فوری طور پر بند کرے، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی

حیدرآباد۔۔۔5، اکتوبر، 2010

حیدرآباد کے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے اپنے مشترکہ بیان میں حیسکو کی جانب سے کی جانے والے غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور ادارے کی ناقص کارکردگی کی سخت الفاظوں میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ لطیف آباد قاسم آباد، پریٹ آباد اور حیدرآباد شہر کے مختلف علاقوں میں بجلیکی آنکھ مچولی کا عمل حیسکو کی جانب سے شہریوں و کاروباری افراد کو سزا دینے کے مترادف ہے اور بجلی کے تعطل کے باعث شہر کا کاروبار بھی بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیسکو کی جانب سے جانے والی بلا جواز لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے عوام کو اپنی زندگیاں گزارنے میں مشکلات کا سامنا ہے اسکے علاوہ لوڈ شیڈنگ نے عوام کیلئے پانی جیسی بنیادی ضرورت کا حصول بھی ایک ایسا خواب بنا دیا ہے جسکے لئے لوگ دن رات سرگرداں رہتے ہیں کیونکہ واٹر سپلائی کے اوقات کار میں عموماً بجلی چلی جاتی ہے جبکہ شدید گرمی کے اس موسم میں لوڈ شیڈنگ کی بنا پر لوگوں کے دن رات کا چین بھی ختم ہو کر رہ گیا ہے انہوں نے کہا کہ حیسکو کی اس ناقص کارکردگی نے عوام کے صبر کے پیمانے کو لبریز کر دیا ہے اور کسی بھی علاقے میں ہونے والی معمولی نوعیت کی تکنیکی خرابی کو بنیاد بنا کر 4 سے 6 گھنٹے کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے حالات کو اس نہج پر پہنچا دیا ہے کہ عوام احتجاج کرنے پر مجبور ہیں انہوں نے حیسکو کے افسران سے کہا کہ وہ بلا جواز وغیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا عمل فوری طور پر بند کریں اور شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کیلئے ادارے کی کارکردگی کو بہتر سے بہتر بنائیں۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن ریلوے یونٹ کے تحت ایم کیوایم کے کنونیر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع

کراچی۔۔۔5، اکتوبر 2010ء

ایم کیوایم لیبر ڈویژن پاکستان ریلوے یونٹ کے تحت گزشتہ روز ایم کیوایم کے کنونیر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد کیا گیا۔ اجتماع میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن پاکستان ریلوے یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ ادارے کے ملازمین اور افسران نے شرکت کی۔ اجتماع میں شہید کو بے شمار تحریکی خدمات ادا کرنے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ بعدازاں اجتماع میں تحریک کے مشن ومقصد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کے علاوہ ناگہانی آفتوں سے بچاؤ کیلئے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے زیر اہتمام سکھر زون آفس میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرسی اور درازی عمر کیلئے دعائیہ اجتماع منعقد کیا گیا

سکھر۔۔۔5، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے زیر اہتمام گزشتہ روز سکھر زون آفس میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرسی اور درازی عمر کیلئے دعائیہ اجتماع منعقد کیا گیا جسمیں کثرت سے آیت کریمہ اور یاسلامُ کا ورد کیا گیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم سکھر زون کے زونل انچارج وارا کین زونل کمیٹی اور مختلف سیکٹر زو یونٹس کے ذمہ داان وکارکنان سمیت ہمدروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں تحریک کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 7 پی اینڈ ٹی کالونی کے کارکن محمد عامر ملک کے والد محمد ریاض الدین، کورنگی سیکٹر یونٹ 78 کے کارکن عبدالمجید کے والد عبدالرشید، کونگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن شمشاد خان کی والدہ محترمہ پروین بی بی محمود آباد سیکٹر یونٹ 4B کے کارکن ریاض الدین چشتی کی والدہ محترمہ خیر النساء چشتی، ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن صابر علی کی زوجہ شگفتہ ناز اور سرجانی سیکٹر یونٹ 05 کے کارکن محمد رشید کی زوجہ زرین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن نے بلوچستان کے سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سامان اور غذائی اجناس کے 4 ٹرک رونہ کردیئے

## قائد تحریک جناب الطاف حسین انسانیت کی بے لوث خدمت پر یقین رکھتے ہیں، یوسف شاہوانی

## امدادی سامان کے ٹرکوں کی کوئٹہ روانگی کے موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں رضا کاروں سے گفتگو

کراچی۔۔۔05 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے بلوچستان کے متاثرین سیلاب کیلئے امدادی سامان اور غذائی اجناس کے 4 ٹرک روانہ کردیئے ہیں۔ امدادی سامان کے یہ ٹرک منگل کے روز ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے اپنی نگرانی میں بلوچستان کے سیلاب متاثرین کیلئے روانہ کئے۔ امدادی سامان لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل ہے جس میں آٹا، چاول، دالیں، چائے کی پتی، خشک دودھ، شکر، گھی، تیل، ادویات اور دیگر روزمرہ کی اشیاء بھاری مقدار میں شامل ہیں۔ اس موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے یوسف شاہوانی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین انسانیت کی بے لوث خدمت پر یقین رکھتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن تمام تر نامساعد حالات کے باوجود اب تک سیلاب متاثرین کو غذائی اجناس، امدادی سامان اور ادویات فراہم کررہا ہے اور اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری ہیں اور یہاں سے وقتاً فوقتاً نہ صرف صوبہ پنجاب، اندرون سندھ، کراچی، صوبہ بلوچستان اور صوبہ خیبر پختونخواہ کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں امدادی سامان پہنچایا جارہا ہے۔ انہوں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں میں مصروف رضا کاروں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا

☆☆☆☆☆